



سرمئی رنگ کی بیک گراؤنڈ والے الفاظ کے ساتھ "ڈکشنری کی دستاویز" میں اضافی اور مفید معلومات موجود ہیں

# ہمسائیگی اور آپس کے بہتر تعلقات

# VEÏNATGE I CONVIVÈNCIA

## ہمسائیگی کا احترام

## RESPECTE PEL VEÏNAT

## مکان مالکان کی تنظیمیں

## LES COMUNITATS DE PROPIETARIS I PROPIETÀRIES

## گھروں اور بلڈنگوں کی حفاظت

## MANTENIMENT DELS HABITATGES I EDIFICIS

## تجارت ترقی اور شہری حرکت کی بنیاد

## EL COMERÇ, FONT DE DINAMISME I PROGRÉS

## مشترکہ استعمال کی جگہیں

## ELS ESPAIS PÚBLICS, ESPAIS DE CONVIVÈNCIA

## ماحولیات کا احترام

## EL RESPECTE PEL MEDI AMBIENT

## آپس کے اچھے تعلقات اور ڈرائیوری۔ ڈرائیونگ لائسنس

## EL CIVISME I LA CONDUCCIÓ DE VEHICLES. EL PERMÍS DE CONDUIR





کسی شہر میں رہنے والے آپس میں ہمسائے کہلاتے ہیں، جس کے تحت ایک دوسرے کے حقوق وفرائض بھی ہوتے ہیں ۔ یہ ان عادات یا ضابطوں کا نام ہے جن سے آپس کے تعلقات اور سماجی معاملات کو بہتر طریقے سے چلایا جا سکتا ہے۔

معاشرتی میل جول(**convivència**) ہمسائیوں سے اچھے تعلقات کی بنیاد کچھ اقدار پر قائم ہے جن میں باہمی دکھ سکھ میں شریک، احترام، ذمہ داری اور تعاون شامل ہیں۔ ان اقدار کا احترام کرنے سے بندے کو کسی ایک خاندان میں رہنے کا احساس ہوتا ہے۔ یہ اقدار تہذیب وتمدن( **Civisme** ) کی بنیاد بھی ہیں، جس کو ہم دوسرے لفظوں میں یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ آپس میں اختیار کئے گئے رویوں اور چال ڈھال کی بنیاد ہے جس میں شہریوں کو کسی جگہ اپنے تمام بنیادی حقوق اور جمہوری نظام کے ساتھ آزادی سے رہنے کا حق ہوتا ہے۔ معاشرت میل جول اور تہذیب پر عمل کرنا کسی بھی شہر میں رہنے والے تمام لوگوں پر لازمی ہے۔ جس طرح مشہور فلاسفر **Zygmunt Bauman** نے کہا تھا کہ "کسی ذمہ داری اور اس پر عمل کرنے کے بغیر کوئی بھی خاندان نہیں ہو سکتا"

جس طرح ہر معاشرہ اپنے آپ کو صحیح طریقہ سے چلانے کے لیے اپنے ضابطے طے کرتا ہے ہم اس حصے میں کتالونیا کے رہنے والوں کے ضابطوں کو بیان کریں گے جس کہ مختلف حصوں میں تقسیم ہیں، ہمسائیوں کی تنظیمیں، ماحولیات اور مشترکہ جگہوں کا استعمال س میں شامل ہے۔

اس طرح کسی معاشرہ میں رہنے کے لیے کچھ حقوق اور کچھ فرائض ہوتے ہیں۔ ان کو سیکھنا اور ان پر عمل کرنا ہمارے لیے اس لیے ضروری ہے کہ ہم آپس میں اچھے تعلقات قائم کر سکیں یعنی سب کا معیار زندگی بہتر ہو۔

یہ بہت ضروری ہے کہ ہم یہ اچھی عادات اپنے بچوں میں بھی پھیلائیں تاکہ ہماری آنے والی نسلیں بھی اچھے تعلقات سے رہ سکیں۔ والدین اپنے بچوں کے اعمال کے ذمہ دار ہیں اس لیے ہمیں اچھا کردار اپنانا چاہیے اور اپنے بچوں کے ہر عمل سے خبردار رہنا چاہیے چاہے وہ گھر میں ہو یا عوامی جگہ پر۔

## ہمسائیگی کا احترام

## RESPECTE PEL VEÏNAT

گلی اور بلڈنگ مختلف بندوں کے آپس میں تعلقات اور رابطے کا ذریعہ ہیں۔ آپس میں تعلقات بہتر بنانے کا ایک ذریعہ یہ بھی ہے کہ ہم ایک دوسرے کے مسائل اور ضروریات سے خبردار رہیں اور دوسروں کے ساتھ ہمیشہ ادب واحترام والا رویہ اپنائیں۔ مثال کے طور پر ہمارے قریب جو عمر رسیدہ لوگ رہتے ہیں ہمیں ان کی خبرگیری کرنی چاہیے اسی طرح حاملہ خواتین کی بھی اور معذور لوگوں کی بھی اور بچوں کی بھی۔

### ایک بلڈنگ کے ہمسائیوں کی تنظیمیں

### (Comunitats de veïns i veïnes)

ایک بلڈنگ میں رہنے والے اور کام کرنے والے سب لوگ اہل محلّہ کی تنظیم(**comunitat de veïns**) کا حصہ ہوتے ہیں اسی لیے ان سب پر لازمی ہے کہ وہ بلدیہ کے قانون میں دیئے جانے والے ضابطوں(**ordenances municipals**) کا احترام کریں اور اچھا کردار اپنائیں۔
ہمیں اپنے روزمرہ کے کام کاج کے دوران دوسروں کے لیے تکلیف دہ کاموں کا خاص خیال رکھنا چاہیے مثال کے طور پر

- کپڑوں کو نچوڑے بغیر نہ لٹکانا اور نہ ہی دن کے وقت قالین کو جھاڑنا
- گھریلو جانوروں کا کسی کو تنگ نہ کرنا اور نہ ہی کسی مشترکہ جگہ پر پیشاب کرنا۔

۔پودوں کو پانی دینے کے لیے رات 10 بجے کے بعد کسی وقت کا انتخاب کرنا۔

۔شور وغل کے لیول کا خیال رکھنا (خاص کر رات 10 سے لے کر صبح 8 بجے کے درمیان) ہمسائیوں کے آرام میں دخل دینے والے کاموں سے اجتناب کرنا مثال کے طور پر گفتگو کے دوران چیخنے چلانے سے پرہیز کرنا، موسیقی یا ٹیلی وژن کی آواز کم رکھنا، رات کے وقت واشنگ مشین یا صفائی مشین وغیرہ کے استعمال سے احتیاط کرنا، فرنیچر کی جگہ تبدیل کرنا، گھریلو مرمت کے کام کرنا یا رات کے وقت گھریلو جانوروں کو صحن، گراونڈ، گیلری یا بالکون میں رکھنا۔

۔اور سب سے ضروری چیز یہ کہ جب ہمارے گھر زیادہ مہمان آنے ہوں یا کوئی تقریب ہو تو اس وقت احتیاط کرنا۔

جب ہم کسی بڑے بلاک والی بلڈنگوں میں رہتے ہیں تو اس وقت سب کے مابین کچھ مشترک جگہیں (**espais comuns**) ہوتی ہیں (سیڑھیاں، برامدے، صحن، گراونڈ، چھت، سٹور وغیرہ) اسی طرح ہمیں مکان مالکان کی تنظیم (**Junta de la comunitat de propietaris**) سے ہر اس کام کو کرنے سے قبل معلومات لینی چاہیے جس سے مشترکہ استعمال کی جگہوں میں تبدیلی کرنی پڑے مثال کے طور پر ایک ڈش انٹینا لگانا، کیونکہ اس کے لیے منظوری لازمی ہے

ایک محلے کے ہمسائیوں کی تنظیم (**associacions de veïns**) میں شمولیت بھی ہمارے لیے بہت ضروری چیز ہے، ہمیں ایسی تنظیموں کے ذمہ داران کے پاس جا کر ان سے ان کی طرف سے کی جانے والی سرگرمیوں کے بارے معلومات لینی چاہیے جو وہ آپس کے تعلقات کو فروغ دینے کے لیے کرتے ہیں۔ جب ہم انتظامیہ، بلدیہ، پانی گیس یا بجلی کی کمپنیوں (**companyies de subministrament**) سے کسی چیز کو طلب کرتے ہیں تو ایسی تنظیمیں ہماری قانونی رہنمائی بھی کرتی ہیں۔ ہمارے محلے کی تنظیم کہاں ہے؟ اس بارے بلدیہ کے دفتر سے معلومات لی جا سکتی ہے

## مکان مالکان کی تنظیمیں

## LES COMUNITATS DE PROPIETARIS I PROPIETÀRIES

مکان مالکان کی تنظیم (**comunitat de propietaris**) اپنی نمائندگی کابینہ کے صدر کے ذریعے کرتی ہے جس میں سیکریٹری، خزانچی یا منتظم بھی شامل ہوتا ہے۔ یہ عہدہ عارضی ہوتے ہیں اور ہر دفعہ تبدیل ہو کر مکان مالکان کے درمیان تقسیم ہوتے ہیں۔ ان عہدوں کو انتخاب ووٹ، قرعہ اندازی یا باری کے حساب سے کیا جاتا ہے۔

مکان مالکان، چاہے بلڈنگ ہو، گھر ہو یا کچھ بھی ہو اور اس کے صارفین پر (**propietat horitzontal**) کے قانون کے تحت اپنے مکان کی حفاظت، صحت کے معیار پر پورا اترنے اور صفائی کا خیال رکھنا لازمی ہے۔ خاص کر وہ جگہیں جو باہر سے نظر آتی ہوں۔

مختلف بلڈنگوں کے رہنے والے اپنے دستور (**Estatuts**) اور اندورنی نظام العمل یا قواعد وضوابط (**normes de règim intern**) بناتے ہیں۔

دستور میں کسی بلڈنگ میں رہنے والوں کے معیار زندگی کی حفاظت کے بارے لکھا ہوتا ہے اور متوازی ملکیت کے قانون کے تحت مکان مالکان کے حقوق وفرائض کی وضاحت کی جاتی ہے۔ یہ لازمی نہیں ہوتے اور ہوں تو اندراج ملکیت (**Registre de la Propietat**) میں اس کا انداج لازمی ہے۔ ان میں ترامیم، منسوخی وغیرہ کے اختیارات صرف مکان مالکان کی تنظیم کی کابینہ کو ہوتے ہیں جس میں سب کا متفق ہونا لازمی ہے۔ دساتیر میں اور چیزوں کے علاوہ یہ چیزوں بیان ہوتی ہیں

۔کون سے مکان صحن اور گراونڈ کو براہ راست استعمال میں لا سکتے ہیں۔

۔بلڈنگ میں موجود مختلف عہدوں (ذمہ داریوں) کی مدت معیاد کتنی ہوتی ہے۔

۔مشترکہ استعمال کی جگہیں۔

۔مختلف تجارتی یا پروفیشنل کام کرنا۔





بلڈنگ کے اندر رانفذ نظام العمل کابینہ کی طرف سے لاگو کردہ ضابطوں کا نام ہے جس سے آپس کے تعلقات کو بہتر بنایا جاتا ہے اور مشترکہ چیزوں اور جگہوں کے استعمال کو قانون اور دساتیر **Estatuts** کے مطابق بنایا جاتا ہے۔ ان ضابطوں میں یہ چیزیں شامل ہوتی ہیں۔

۔ڈاک بکس کی ترتیب یا کسی تجارتی کام کی تشہیر

۔مکانوں کے دروازوں کے رنگ

۔کپڑوں کا خشک ہونے کے لیے لٹکانا

۔گھریلو جانوروں کا مشترکہ استعمال کی جگہوں پر آنا جانا

۔ایئر کنڈیشنر اور ڈش انٹینا کی انسٹالیشن

۔ایک طرح کی سایہ بان، جنگلوں اور بیرونی لکڑی کا استعمال

۔کوڑا کرکٹ کو اکٹھا کرنے کے اوقات

اندرونی نظام العمل اور دستاویز میں یہ فرق ہے کہ دساتیر کا اندراج ملکیت میں ہونا لازمی ہے اور اس کے لیے سارے ہمسائیوں کا متفق ہونا لازمی ہے جب کہ نظام العمل کے لیے یہ ضروری نہیں ہے۔

## گھروں اور بلڈنگوں کی حفاظت

## MANTENIMENT DELS HABITATGES I EDIFICIS

چونکہ ہم ہمسائے ہیں اس لیے ہمیں بلڈنگ کی حفاظت کے بارے معاونت کرنی چاہیے

۔ یہ مکان مالک یا کرایہ دار کا فرض ہے کہ وہ اپنے گھر یا دکان کو اچھی اور صاف حالت میں رکھے

۔مکان مالکان کی تنظیم کی طرف سے ہر سال ایک فنڈ مقرر کیا جاتا ہے جس کو (**Rebut de Comunitat**) کہتے ہیں جو کہ عام طور پر ہر مہینے ادا کیا جاتا ہے اس سے بلڈنگ کی دیکھ بھال کی جاتی ہے جس میں مرمت کے کام، روشنی کا بندوبست، بلبوں کی تبدیلی، انشورنس، لفٹ اور صفائی وغیرہ شامل ہیں۔ اگر ہم کرایہ پر رہتے ہیں اور ہم نے مکان کسی ایجنسی کے ذریعے حاصل کیا ہے تو یہ لازمی ہے کہ کنٹریکٹ (**contracte de lloguer**) میں اس بات کی وضاحت کی جائے کہ یہ والا فنڈ کس نے ادا کرنا ہے۔

اگر کرایہ کے کنٹریکٹ میں اس بات کی وضاحت نہیں کی جاتی تو یہ فنڈ مالک مکان کو ادا کرنا ہوگا، لیکن اگر سارے اخراجات کرایہ دار کے ذمے ہوں تو یہ سب تحریری طور پر کنٹریکٹ کے اندر شامل ہونے چاہئیں جس میں سال بھر کے دوران ہونے والے اخراجات کا ذکر ہونا چاہیے۔ اگر یہ کام نہیں کیا جاتا تو مالک مکان اپنے کرایہ دار سے کسی قسم کی رقم وصول نہیں کر سکے گا۔

۔مشترکہ استعمال کی جگہوں کی صفائی میں شمولیت اختیار کرنی چاہیے۔ کچھ بلڈنگوں میں خود ہمسائے صفائی کے کام کو آپس میں بانٹتے ہیں یا وہ کسی بندے کا صفائی کیلئے کنٹریکٹ کر لیتے ہیں۔ اس کی تنخواہ بلڈنگ میں موجود صدر، بلڈنگ کے فنڈ سے ادا کرتا ہے یا وہ بلڈنگ کے منتظم (**administrador de finques**) کے ذریعے بھی یہ کام کروا سکتا ہے

بعض بلڈنگوں میں چوکیدار (محافظ) بھی موجود ہوتا جس کے پاس صفائی، زائد چابیاں اور ہمسائیوں کے دیگر کام موجود ہوتے ہیں۔ اس قسم کی خدمات کی تنخواہ بھی سب ہمسائے مشترک طور پر ادا کرتے ہیں۔ اور عام طور پر اس کرایہ کی رسید میں (**rebut de lloguer**) اس کا ذکر ہوتا ہے۔

۔اگر ہمیں کوئی دراڑیں نظر آئیں، کوئی نمی کے نشانات نظر آئیں یا عجیب قسم کا شور ملے تو اس بارے صدر کو اطلاع دینی چاہیے۔

۔ بلڈنگ کے سامنے والے حصوں، انگنوں اور چمنیوں کے داخلی راستوں کی صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔ اسی لیے گلی میں کھلنے والی باریوں اور بالکون میں کپڑے لٹکانے کی اجازت نہیں ہے۔

۔سب ہمسائیوں کو مشترک استعمال کی چیزوں کی دیکھ بھال میں تعاون کرنا چاہیے (لفٹ، برقی دروازہ، ٹی وی کی انسٹالیشن، چھت اور صحت، بلڈنگ کی بیرونی سائڈ اور نکاسی آب کا نظام) لیکن ان چیزوں میں تبدیلی کی کسی کو بھی اجازت نہیں۔ صرف اور صرف ان میں تبدیلی خصوصی اجازت شدہ ٹیکنیکل بندے ہی کر سکتے ہیں جن کو ہمسائیوں کی تنظیم اجازت دے۔

۔اگر کسی مشترک چیز میں کوئی خرابی پیدا ہو جاتی ہے مثال کے طور پر صحن یا چھت، چاہے اس سے نقصان صرف ایک ہمسائے کو ہوا س کی مرمت سب کو اجتماعی طور پر کرنی ہوگی اور اس کا خرچ ادا کرنا ہوگا۔

۔ بلڈنگ کی دیکھ بھال کیلئے ایک اضافی فنڈ (**fons comunitari o fons de reserva**) کا قیام لازمی ہے۔ اس فنڈ میں رقم ادا کرنا مکان مالکان کی ذمہ داری ہے کرایہ داروں کی نہیں۔ اس فنڈ کی مدد سے براہ راست خرچ کیا جا سکتا ہے جس میں بلڈنگ کی مرمت، بلڈنگ کی انشورنس وغیرہ شامل ہیں۔ اس سے کسی اہم معاملے کے اخراجات (**derrames**) کی ادائیگی بھی کی جا سکتی ہے۔

۔ بلڈنگ میں قدرتی آفات اور چوری وغیرہ جیسے نقصانات سے بچنے کے لیے انشورنس کا ہونا بہت ضروری ہے۔

## تعمیر کے کام کرنے کے متعلق

## (Pel que fa a les obres)

۔مکان مالکان کی تنظیم اس بات کی پابند ہے کہ وہ بلڈنگ کی حفاظت کے لیے اس میں ضروری تعمیری کام کروائیں۔
۔اپنے مکان کے اندر کوئی تعمیری کام کرنے سے پہلے اپنے ہمسائیوں کے صدر اور بلدیہ کو آگاہ کرنا ضروری ہے بلدیہ میں اپنی تعمیری کام کے لائسنس کی درخواست بھی دی جاتی ہے جو کہ چھوٹی مرمت (**llicència d'obra menor**) یا کوئی بڑا توڑ پھوڑ کا کام (**llicència d'obra major**) ہو

۔اپنے مکان میں جب بھی کوئی تعمیراتی کام کرنا ہو یہ ضروری ہے کہ اس کے لیے کسی ٹیکنیکل کی خدمات حاصل کرے یا اس کے لیے جو اجازت نامہ لازمی ہیں وہ موجود ہوں تا کہ اس تعمیراتی کام کے معیار اور سیکورٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔

# تجارت ترقی اور شہری حرکت کی بنیاد

# EL COMERÇ, FONT DE DINAMISME I PROGRÉS

تاجر کمیونٹی کا ایک اہم حصہ ہوتے ہیں باہمی تعلقات کے فروغ میں ان کا اہم کردار ہوتا ہے

## تجارتی مراکز کھلنے اوقات کار

## (L'horari d'obertura)

تجارتی مراکز کو موجودہ قوانین کے مطابق کھولنے اور بند کرنے کے اوقات کار اور دنوں کی پابندی کرنی چاہیے

عام طور پر تجارتی مراکز کا جو اوقات کار ہے وہ ہفتے میں 72 گھنٹے کا ہے جو کہ پیر سے ہفتہ تک ہر روز صبح 7 بجے سے لے کر رات 10 بجے کے درمیان ہے، اتوار اور تعطیل کے دن دکان بند رکھنا بھی لازمی ہے (ماسوائے وہ دن جن کی اجازت دی گئی ہو)

خدمات کی فراہمی والے تجارتی مراکز (حجام، بیوٹی پارلر، کپڑے دھونے کی دکانیں اور ٹیلیفون کی عوامی جگہیں) ان کے لیے کھولنے کی ٹائم کی کوئی قید نہیں۔

ہر تجارتی مرکز پر لازمی ہے کہ وہ اپنا اوقات کار واضح جگہ پر نمایاں کرے جو کہ دکان سے باہر بھی لوگ دیکھ سکیں۔

## شکایات کے فارم

## (Els fulls de reclamacions)

ہر دکاندار پر لازمی ہے کہ اس کے پاس شکایات کے فارم (fulls de reclamacions) موجود ہوں۔ یہ حکومت کی طرف سے دیے جاتے ہیں تاکہ صارفین کو اگر دکاندار سے کوئی شکایت ہو تو وہ اس کے ذریعے کر سکیں۔ شکایات کے فارم کی تین کاپیاں ہوتی ہیں سب سے پہلی اور اصل صارفین کے بلدیاتی دفتر (Oficina Municipal d'Informació al Consumidor, OMIC) یا کتالونیا کے محکمہ تجارت Delegació Territorial d'Indústria, Comerç i Turisme de la Generalitat de Catalunya کے لیے ہوتی ہے جو کہ اس کیس کا جائزہ لیتے ہیں۔ دوسری کاپی جو کہ گلابی رنگ کی ہوتی ہے یہ دکاندار کے لیے ہے اور آخری سبز رنگ کی شکایت کرنے والے کے لیے۔ ہر دکاندار پر لازمی ہے کہ وہ ان فارموں کی موجودگی کو نمایاں الفاظ میں واضح کر کے لگائے۔

## خصوصی فروخت

## (Les vendes especials)

دکانداروں پر خصوصی فروخت کے دنوں کا احترام لازمی ہے جن میں سیل کے مختلف مدت شامل ہیں، مثال کے طور پر، (Rebaixes) قیمتوں میں خصوصی کمی، (Saldos) لوٹ سیل، (Liquidacions) خصوصی پیشکش (Promocions)

سیل کی مدت کے دوران کچھ مشوروں پر عمل کرنا لازمی ہے تاکہ کسی قسم کے جھگڑوں اور غلط فہمیوں سے بچا جا سکے۔ اس بارے مندرجہ ذیل چیزوں کو مدنظر رکھیں

- ہر چیز پر اس کی اصلی قیمت اور موجودہ قیمت درج ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ جو رعایت کی گئی اس کو % میں بھی لکھا جا سکتا ہے۔
- چیزوں کی گارنٹی اور معیار میں ان کی قیمت کم کرنے سے پہلے اور بعد میں کوئی فرق نہیں آنا چاہیے، نقص والی چیزیں نہیں ہونی چاہئیں۔ صارف کو چیز خریدتے وقت بل مانگنے کا حق ہے کیونکہ وہ اس چیز کی گارنٹی (garantia) تصور کیا جاتا ہے۔

- دکاندار سے چیز میں خرابی کی صورت میں تبدیلی یا واپسی کے بارے میں معلومات لینی چاہیے۔ اگر چیز میں کوئی نقص ہے تو دکاندار پر لازمی ہے کہ وہ ہمیں اس کی قیمت واپس کرے یا اس چیز کو تبدیل کرے۔

۔جب کوئی گاہک کوئی چیز واپس کرنا چاہے اس وقت کچھ دکاندار اس کو ایک رقم کی بجائے خریداری کی ٹکٹ (val de compra) دے دیتے ہیں۔ یہ بالکل جائز ہے اور گاہک پھر مستقبل میں اس سے کوئی چیز خرید سکتا ہے۔ اس Val کی معیاد کے بارے میں دکاندار سے معلومات حاصل کرنی چاہیے، ممکن ہے کہ سیل کے دنوں میں دکاندار ٹکٹ کو نہ مانیں۔

جب کسی چیز میں کوئی خرابی ہو تو اس صورت میں اس کی تبدیلی دکاندار پر لازمی ہے۔ اگر کوئی چیز گارنٹی شدہ ہے اور اس کی مرمت بھی اطمینان بخش نہیں اور اس چیز کا استعمال ممکن نہیں تو دکاندار پر لازمی ہے کہ وہ رقم واپس کرے۔

۔اگر کوئی دکاندار عام طور پر کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادائیگی کی اجازت دیتا ہے تو سیل کے دنوں میں بھی دینی چاہیے۔

کسی لڑائی کی صورت میں سب سے پہلے دکاندار سے بات چیت کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو بلدیہ کے صارفین کی شکایات کے دفتر سے رجوع کیا جائے۔

## دکانوں کے سائن بورڈ

## (La retolació dels comerços)

دکانوں کے سائن بورڈ اور مستقل طور پر لگائے گئے معلوماتی اشتہارات کتالونیا کے قانون (art. 32 de la Llei 1/1998, de 7 de gener, de política lingüística) کے مطابق کم از کم کتالان میں لازمی ہونے چاہئیں۔

کتلان زبان کو عام کرنے کے ادارے کنسورسی کتالان لسانی Consorci per a la Normalització Lingüística میں ہم اپنی دکان کے سائن بورڈ کو کتلان میں کرنے کے بارے معلومات اور معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔

www.cpnl.cat

## تجارت اور ماحولیات

## (El comerç i el medi ambient)

تجارتی مراکز کو عوامی استعمال کی جگہوں کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے مثال کے طور پر اپنی دکان کے سامنے جو گلی کا حصہ ہے اس کی صفائی کرنا یا ایک اچھی بات ہے اپنی دکان کی فضولیات (ڈبے وغیرہ) کے بارے قانون کا احترام لازمی کرنا چاہیے اور ان کو ضائع کرنے کے لیے خصوصی کنٹینرز استعمال کریں تاکہ گلی گندگی جمع نہ ہو۔ تجارتی مراکز پر یہ بھی لازمی ہے کہ وہ سیکورٹی اور صفائی کے قوانین پر عمل کریں (دھویں کا اخراج، آگ بجھانے کے سلنڈرز) تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرہ سے بچا جا سکے۔

## تاجروں کی تنظیمیں

## (Les associacions de comerciants)

یہ ضروری ہے کہ تاجران اپنے محلے کے ہمسائیوں کی تنظیموں کے ساتھ رابطہ کریں اور اپنے حقوق و فرائض کے بارے میں آگاہ رہیں۔ اس کے علاوہ بلڈنگ کے اندرونی نظام العمل کی معلومات بھی حاصل کریں۔ اسی طرح اپنے محلہ یا شہر کی تجارت کی تنظیم (associació de comerciants) میں بھی شمولیت اختیار کریں۔

دیکھیے www.confecom.cat/servimmigra/index.html

# مشترکہ استعمال کی جگہیں

## ELS ESPAIS PÚBLICS, ESPAIS DE CONVIVÈNCIA

عوامی استعمال کی جگہیں جیسے گلی، پلازہ، باغات، بلدیہ کی جانب سے دی جانے والی سہولتیں، ثقافتی ومعاشرتی مراکز اور کھیلوں کے میدان وغیرہ، یہ سب کی آمدورفت کی جگہیں ہیں جہاں ایک دوسرے کو جاننے والے لوگ ور نئے لوگ آپس میں ملتے ہیں۔ جہاں ہر عمر کے لوگ آپس میں ملتے ہیں۔ اس لیے ان کو باہمی تعلقات کی جگہیں بھی کہا جاتا ہے۔

ان جگہوں کی دیکھ بھال (مثال کے طور پر ان میں کسی قسم کا نقص ہو جانے کی صورت میں مرمت کرنا وغیرہ) یہ بلدیہ کا کام ہے لیکن ان کی حفاظت کرنا ہر شہری کی ذمہ داری ہے، ایسے ہی جیسے ہمارا گھر ہو بلکہ جیسے ہم سب کا گھر ہو۔

چنانچہ۔ مندرجہ ذیل باتوں سے ہمیں احتیاط کرنی چاہیے

- جس سے ان کی بناوٹ بگڑتی ہو جس سے دوسرے ہمسائیوں کو تکلیف پہنچتی ہو (شور وغل، گلی میں اکٹھے ہو جانا وغیرہ)
- عوامی استعمال کی اشیاء کی حفاظت اور احترام کرنا
- عوامی استعمال کی جگہوں اور دیواروں پر کسی قسم کی لکھائی نہ کرنا۔
- اجازت شدہ جگہوں کے علاوہ دوسری جگہوں پر اشتہار نہ لگانا۔
- کوڑے کی ٹوکریوں کو استعمال کرنا
- اگر ہمارے پاس گھریلو جانور ہیں ان کے فضلہ کو صاف کرنا
- کنٹینر سے باہر کوڑا نہ پھینکنا
- عوامی جگہوں پر 'جوا' اور پیسہ ضائع کرنے والی دوسرے کھیل ممنوع ہیں۔
- بھیک مانگنا سختی سے منع ہے، اس کے بدلے سزائے قید یا سخت سزا مل سکتی ہے، اور نہ ہی گلی میں چلنے والوں کو تنگ کرنا چاہیے
- عوامی استعمال کی اشیاء (کوڑے کی ٹوکریاں، کنٹینر، بینچ، ٹیلیفون کیبن) ان کی قیمت ہم سب اجتماعی طور پر ادا کرتے ہیں، یہ شہریوں کے لیے بنیادی اور ضروری خدمات ہیں اس لیے ان کا اچھا استعمال بہت ضروری ہے۔ ان میں سے کسی میں کوئی نقص دیکھیں تو اپنی بلدیہ کو فوراً اطلاع دیں۔

اگر ہم نے ان جگہوں کی حفاظت نہ کی تو انتظامیہ کو ان کی حفاظت اور صفائی کے لیے زیادہ رقم خرچ کرنا پڑے گی اور اس طرح دیگر کاموں میں انتظامیہ کو کم رقم خرچ کرنی پڑ سکتی ہے جن میں تعلیم، صحت، سماجی خدمات وغیرہ شامل ہیں۔

اگر ہم اپنی کسی خصوصی تقریب کا انعقاد کسی عوامی جگہ پر کرنا چاہیں تو اس کے لیے اپنی بلدیہ سے معلومات حاصل کریں اور اگر اجازت نامہ کی ضرورت ہے تو وہ بھی حاصل کرنا چاہیے۔ اگر یہ کام کوئی تجارتی ہے تو اس کے مطابق بلدیہ سے لائسنس بھی حاصل کرنا ہوگا۔

باہمی تعلقات کو بہتر بنانے کے لیے بنائے جانے والے قوانین کا احترام نہ کرنے کی صورت میں مالی سزا دی جا سکتی ہے۔ اگر کوئی کسی چیز کو نقصان دے تو انتظامیہ اس کو مرمت کروانے کا حکم بھی دے سکتی ہے (مثال کے طور پر اگر کوئی کوڑے کی ٹوکری یا ٹریفک کے اشارے کو توڑ دیتا ہے تو اس کو ٹھیک کرانے کا حکم یا اس کی قیمت ادا کرنے کا حکم)۔ جرمانہ (multes) کے علاوہ دیگر سزائیں بھی دی جا سکتی ہیں جن میں کسی عوامی جگہ پر کام، کسی پارک کی حفاظت، کسی سماجی تنظیم کے ساتھ کام یا بقائے باہمی کے کسی کورس (mesures substitutòries) میں داخلہ شامل ہیں۔

# ماحولیات کا احترام

## EL RESPECTE PEL MEDI AMBIENT

ہمسائیوں پر لازمی ہے کہ وہ اپنے محلے اور اس کے قدرتی حصار کی صفائی کا خیال رکھیں، اور ایسے کاموں سے اجتناب کریں جس سے ان میں کسی خرابی کا اندیشہ ہو، مثال کے طور پر آگ بھڑکانے سے ماحول خراب ہوسکتا ہے یا گلی میں کوڑا رکھنے سے بھی۔ یا قدرتی مناظر میں کوئی خرابی کرنے سے جیسے درختوں کے پتے یا شاخیں توڑنا۔

یہ بھی ضروری ہے کہ ہم روزمرہ کی زندگی میں ایسے اقدامات کریں جن سے بجلی، پانی اور گیس کے استعمال میں کمی ہو۔

صرف ان چیزوں کے استعمال میں احتیاط سے ہم توانائی کے غیر ضروری استعمال کی روک تھام کر سکتے ہیں۔ توانائی کے ذرائع کا حصول (جو کہ محدود ہے) ہر دفعہ زیادہ مہنگا ہے اور ہر مرتبہ یہ ماحول کے لیے زیادہ خطرناک ہے۔ جس سے ماحولیات آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے شجر کی پیداوار میں کمی ہوتی ہے، قحط آتے ہیں اور گرمی کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے۔

اپنے گھر کے اندر ہم کچھ آسان ترین کام کر کے ماحول کو بچا سکتے ہیں۔

- تھوڑی توانائی ضائع کرنے والے بلبوں (bombetes de baix consum) کا استعمال، یہ مہنگے ضرور ہوتے ہیں لیکن بجلی کے بل میں ہم ان کی وجہ سے بہت بچت کر پاتے ہیں
- اگر ہم گھر میں کسی جگہ کو استعمال نہیں کر رہے تو وہاں کی روشنی کو بند کر دینا چاہیے۔ گھر میں موجود چیزوں کو ریموٹ کی بجائے مکمل بند کرنے سے بھی بجلی کیا ستعمال میں بچت کی جا سکتی ہے۔
- اگر ہم بجلی سے چلنے والی گھریلو اشیا خریدنا چاہیں تو ہمیں چاہیے کہ کم توانائی ضائع کرنے والی (classificació energètica eficient) اشیاء کو ترجیح دیں۔
- ٹب میں نہانے کی بجائے مختصر غسل کو ترجیح دی جائے، پانی کی جن ٹوٹیوں سے قطرے ٹپکتے ہوں ان کو کنٹرول کیا جائے، ہاتھ یا دانت صاف کرتے وقت پانی بند کر دیا جائے اور پلیٹیں دھوتے وقت بھی

## پانی کا ٹیکس

## (El cànon de l'aigua)

پانی کا ٹیکس (cànon de l'aigua)، اس ٹیکس کا نام ہے جس سے استعمال شدہ پانی کی صفائی کی جاتی ہے۔ یہ پانی کے ٹوٹل بل کا 15% یا 25% ہوتا ہے اور اس کا انحصار ہر شہر پہ ہے اور پانی کے استعمال پہ ہے، دوسرے لفظوں میں جتنا زیادہ استعمال کریں گے اتنا زیادہ ہوگا۔ اگر ہم ایک گھر میں 3 سے زیادہ بندے رہتے ہیں تو کتالونیا کے پانی کے ادارہ میں جا کر ہم اپنے استعمال کرنے کے پانی کی لمٹ کو زیادہ کر سکتے ہیں تا کہ ہمیں یہ ٹیکس کم ادا کرنا پڑے اس طرح قانوناً یہ پانی 3 مکعب میٹر فی بندہ کے حساب سے ہو جاتا ہے۔ یہ کام Agència Catalana de l'Aigua کی ویب سائٹ کے ذریعے بھی کیا جا سکتا ہے یا پانی فراہم کرنے والے ادارے کے دفتر میں بذریعہ ڈاک بھی۔

ماحولیات کو بچانے کے لیے ایک اور آسان طریقہ یہ بھی ہے کہ کوڑے پھینکتے وقت ہم سب چیزوں کو الگ الگ کریں جن کی ترتیب یہ ہے:

- کیچی، سلیٹی اور مالٹے رنگ کا کنٹینر۔ یہ کھانے پینے کی اشیاء سے بچنے والی چیزوں کیلئے ہوتا ہے لہٰذا اس کے تھیلے کو صحیح بند کرنا چاہیے اس کے لیے جو اوقات کار بہتر ہے وہ شام 7 سے 10 بجے تک کا ہے

۔ نیلے رنگ کا کنٹینر کاغذات اور گتے کے لیے ہے جو کہ دوہرا کر کے پھینکنا چاہیے۔

۔ پیلے رنگ کا کنٹینر تھوڑے وزن والی پیکنگ کیلئے ہے: پلاسٹک، ٹین، دودھ کے ڈبے، جوس کے ڈبے وغیرہ۔ بہتر ہے کہ ان چیزوں کو بھی دہرا کر کے ہی پھینکا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ جگہ کی بچت کی جا سکے۔

۔ سبز رنگ کا کنٹینر شیشے کی چیزوں کے لیے ہے۔

ان خصوصی کنٹینروں کے علاوہ بہت سی دکانوں پر استعمال شدہ سیلوں اور بیٹریوں کے لیے بھی کنٹینر موجود ہوتے ہیں۔ میڈیکل اسٹورز پر معیاد ختم ہونی والی ادویات کے لیے اور بہت ساری عوامی جگہوں پر استعمال شدہ کپڑوں کے لیے بھی کنٹینر موجود ہوتے ہیں۔

بلدیہ کی جانب سے ہمیں ان جگہوں کے بارے بھی بتایا جاتا ہے جہاں ان چیزوں کے پھینکنے کے بارے میں بھی معلومات دی جاتی ہے جو کہ پہلے بیان کردہ کنٹینروں میں نہیں پھینکی جا سکتیں مثلاً، تیل، گھی، بیٹریاں، سیل، رنگ، ملبہ یا استعمال شدہ گھریلو اشیاء۔ اگر ان چیزوں کو دوبارہ استعمال کے قابل نہ بنایا جائے یا ان کو صحیح طریقے سے ضائع نہ کیا جائے تو یہ صحتِ عامہ اور ماحولیات کے لیے بہت خطرناک ہوتے ہیں۔

زیادہ تر شہروں میں Punt Verd کے نام سے ایک گاڑی بھی محلوں کو دورہ کرتی ہے جس میں آپ ان چیزوں کو پھینک سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ بلدیہ کی جانب سے ایک اور خدمت بھی فراہم کی جاتی ہے جو کہ استعمال شدہ فرنیچر کے بارے ہے۔ ہر محلے کیلئے ایک خصوصی اوقات ہوتا ہے۔ جس دن جس محلے کی باری آئے، رات 8 سے 10 کے درمیان اپنا فالتو سامان اپنی گلی میں رکھ دیں۔ اگر اس خصوصی دن کے علاوہ آپ اپنے سامان کو گلی میں رکھتے ہیں تو اس کی سزا ہے۔

## آپس کے اچھے تعلقات اور ڈرائیوری۔ ڈرائیونگ لائسنس

## EL CIVISME I LA CONDUCCIÓ DE VEHICLES. EL PERMÍS DE CONDUIR

گلی میں ہونے والے کاموں میں سے ڈرائیونگ بھی ایک کام ہے اور اس کام کو کرتے وقت نہ صرف دوسری گاڑیوں کا احترام لازمی ہے بلکہ راہ گیروں کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ دوسرے ڈرائیوروں اور راہ گیروں کے بارے خیال رکھنا ٹریفک کے قوانین کے مطابق ضروری ہے، چنانچہ ان قوانین کو جاننا چاہیے۔

گاڑی یا موٹر سائیکل (ciclomotors) کو درست طریقے سے چلانے اور چلاتے وقت محتاط رویہ اپنانے کے لیے لازمی ہے کہ اس کے متعلقہ انتظامی اجازت نامہ حاصل کیا جائے جس کو (permís de conduir) ڈرائیونگ لائسنس کا نام دیا جاتا ہے۔ ہر ڈرائیور کے پاس اس کی موجودگی لازمی ہے اور یہ درست حالت میں اور مدتِ معیاد کے اندر ہونا چاہیے۔ سپین میں یہ اجازت نامہ حاصل کرنے کی شرائط ذیل میں دی گئی ہیں۔

۔ بندے کا 18 سال سے زیادہ کا ہونا (یا موٹر سائیکل کے لیے 16 سے زیادہ)، لیکن اس کے باوجود کچھ خصوصی اجازت نامے ہیں جن کیلئے عمر کا 21 سال ہونا لازمی ہے جیسے بڑے سفری بسیں، ٹرک وغیرہ۔

۔ بندے کے پاس ہسپانوی شناختی کارڈ، تارکین وطن کا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کا موجود ہونا۔

۔ بندے کے پاس اسپین کا رہائشی اجازت نامہ یا حصول تعلیم کا اجازت نامہ ہونا لازمی ہے

۔ بندے کا کسی عدالتی فیصلے کے تحت ڈرائیونگ کے لیے نااہل نہ ہونا اور نہ ہی اس کا کوئی سابقہ اجازت نامہ منسوخ کیا گیا ہو۔

۔بندے کا لائسنس کی قسم کے مطابق اپنا معیارِ صحت ظاہر کرنا، یہ کام ڈاکٹری رپورٹ(**informe d'aptitud psicofísica**) کے ذریعے کیا جاتا ہے جو کہ ہر صوبہ میں واقع ادارہ ٹریفک کے اجازت شدہ مراکز(**centre de reconeixement de conductors autoritzat**) کیطرف سے ہی جاری کیا جا سکتا ہے۔اس کے ساتھ درخواست گزار کی موجودہ تصویر بھی ہونی چاہیے۔

۔صوبائی یا علاقائی محکمہ ٹریفک(**Prefectura Provincial o Local de Trànsit**) کی طرف سے تعلیمی (تھیوری) اور عملی (پریکٹس) کے امتحانات میں پاس ہونا۔یہ امتحانات لازمی ہوتے ہیں تا کہ ہمیں معلوم ہو سکے کہ ڈرائیونگ اور اس کی سیکورٹی کے لیے کون کونسی چیزیں جاننا لازمی ہیں

اس بارے بہتر ہے کہ ہم ایک ڈرائیونگ سکول(**autoescola**) میں داخلہ لیں جہاں ہمیں ان تمام مراحل سے آگاہ کیا جائے گا جو کہ لائسنس حاصل کرنے کے لیے لازمی ہیں اور ہمیں امتحانات کے لیے تیاری بھی کروائی جائے گی اس کے علاوہ یہاں ہمیں مختلف قسم کے اجازت ناموں کے بارے معلومات بھی دی جائے گی۔

سپین کے مرکزی محکمہ ٹریفک کی ویب سائٹ پر کچھ ٹیسٹ ہوتے ہیں جن سے بندہ مختلف تعلیمی امتحانات کے لیے اپنی تیاری کر سکتا ہے۔

http://www.dgt.es/portal/es/formacion_educacion/tests_examenes/

## اگر کسی کے پاس اس کے اپنے ملک کا ڈرائیونگ لائسنس موجود ہو تو؟

**(Si tenim el permís de conduir del nostre país d'origen...)**

ذاتی ٹرانسپورٹ اور اپنی گاڑی کے استعمال کے بارے سپین میں جن ممالک کے لائسنس تسلیم کیے جاتے ہیں وہ **Espai Econòmic Europeu** یورپ کا تجارتی علاقہ ہے جس میں (یورپی یونین کے ممالک، ناروے، آئس لینڈ اور لچ سٹن سٹن شامل ہیں) لیکن اس کے باوجود یہ بات لازمی ہے کہ ڈرائیونگ کے لیے سپین میں جو عمر لازمی ہے وہی لازمی ہوگی۔

اسی طرح سپین نے کچھ ممالک کے ڈرائیونگ لائسنس کے بارے معاہدے بھی کیے ہیں جن میں اندورا، سوئٹزرلینڈ، جنوبی کوریا، جاپان، ارجنٹائن، کولمبیا، ایکوادور، پیرو، یوروگوائے، مراکش (مغرب)، الجزائر، چلی، وینزویلا اور کروشیا شامل ہیں ان ممالک کے لائسنس سپین میں تسلیم کیے جاتے ہیں۔

مندرجہ بالا ممالک کے باشندوں کے پاس سپین میں قانونی طور پر رہائشی اجازت نامہ (**autorització de residència**) ملنے کے بعد 6 ماہ کا عرصہ ہوتا ہے تا کہ وہ صوبائی محکمہ ٹریفک میں جا کر اپنے لائسنس کو قابلِ استعمال بنانے کے لیے اس کا اندراج کروا دیں۔
ارجنٹائن، کولمبیا، ایکوادور، پیرو، یوروگوائے، مراکش (مغرب)، چلی، وینزویلا اور کروشیا سے آنے والوں کے لیے لائسنس قابلِ استعمال بنانے کے لیے اضافی ٹیسٹ بھی کرنا ہونگے جو کہ ہر ملک سے آنے والوں کے لیے مختلف ہونگے۔
مراکش (مغرب)، الجزائر، چلی، وینزویلا اور کروشیا کے لائسنس کے قابلِ استعمال بنانے کیلئے خصوصی معلومات لازمی لینی ہوگی جو کہ ان ممالک کے لیے باقیوں سے مختلف ہے

اس بارے معلومات کے حصول کے لیے ٹائم حاصل کرنا پڑتا ہے جو کہ ٹیلیفون یا ویب سائٹ کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

ٹیلیفون۔ **902 300 175**

ویب سائٹ۔ http://www.dgt.es/portal/es/oficina_virtual/conductores/canje_permisos/

اس بارے مزید معلومات اور فہرستوں کے لیے ہم یہ ویب دیکھ سکتے ہیں۔

https://canjes.dgt.es/CANJES-DGT/canjes/ventana_seleccion_index.jsp





## پوائنٹس والا ڈرائیونگ لائسنس

## (El carnet de conduir per punts)

پوائنٹس والا اجازت نامہ محکمہ ٹریفک کی جانب سے ایک نیا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت اچھے ڈرائیوروں کو انعام اور غلط حرکات کرنے والوں کو سزا دی جاتی ہے۔ اس طرح اگر کوئی ڈرائیور جرم کرتا ہے تو اس کے پوائنٹ کم کر دیے جاتے ہیں اور آہستہ آہستہ وہ بالکل ختم ہو جاتے ہیں جس سے لائسنس منسوخ ہو جاتا ہے۔

مختصراً اس بات کو اس طرح سے سمجھا جا سکتا ہے کہ ہر ڈرائیور کو آغاز میں 12 پوائنٹس دیے جاتے ہیں (ماسوائے ان کے جو نئے ہیں 3 سال سے کم تجربہ والے) جن کو 8 پوائنٹس دیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر سنگین جرائم پر (نشہ یا شراب کی حالت میں ڈرائیونگ کرنا یا بے احتیاطی سے ڈرائیونگ کرنا) ہمارے 6 پوائنٹس کم کیے جا سکتے ہیں۔ اس حساب سے جرائم کو 4 اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں بالترتیب 2, 3, 4, 6 پوائنٹس کی کمی کی جاتی ہے اس کے علاوہ جرمانہ بھی کیا جاتا ہے۔
اگر کسی کے تمام پوائنٹس ضائع ہو جاتے ہیں تو پہلی مرتبہ ہمارے لائسنس کو 6 ماہ کے لیے ضبط کر لیا جائے گا اور اگلی دفعہ 12 مہینے کے لیے۔ ان پوائنٹس کی بحالی کے لیے خصوصی کورسز کرنا ہونگے۔

## ماحولیات اور ڈرائیونگ

## (Medi ambient i conducció)

موٹر والی گاڑیاں ماحولیات کی آلودگی میں سب سے زیادہ کردار ادا کرتی ہیں۔ تھوڑی ذمہ داری کے ساتھ ڈرائیونگ کر کے ہم اپنے ماحول کو تباہی سے بچا سکتے ہیں۔ ماحول کو بچانے کے لیے ہم جو کر سکتے ہیں ان میں سے کچھ یہ ہیں:

90 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے جائیں تو اس کو معاشی ڈرائیونگ کا نام دیا جاتا ہے کیونکہ اس سے زیادہ رفتار میں گاڑی ایندھن کا استعمال ڈبل کر دیتی ہے۔ اگر ہم اس سے نہ صرف ہماری گاڑی کا ایندھن ضائع ہوتا ہے بلکہ گاڑی میں لگائے گئے پرزہ جات کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے اور اس طرح ان کی تبدیلی بھی لازمی ہو جاتی ہے جیسے بریک، ٹائر، موٹر کا تیل وغیرہ۔ اگر ہم ان مشوروں پر عمل کریں تو اس سے نا صرف بچت ہوگی بلکہ سیکورٹی بھی ملے گی۔

اگر ہم نے کچھ لمحات کے لیے رکنا ہو اس کے لیے بہتر ہے کہ ہم موٹر کو بند کر دیں کیونکہ اس طرح موٹر کی آلودگی سے فضا محفوظ رہ سکے گی۔

گاڑی پر سامان رکھنے اور کھڑکیاں نہ بند کرنے سے بھی گاڑی میں ایندھن کا استعمال زیادہ ہو جاتا ہے اس سے بھی پرہیز کرنا چاہیے۔

## بائیکل

## (Les bicicletes)

یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ شہری ہر دفعہ سائیکل کا استعمال زیادہ کر رہے ہیں شہر کے اندر سفر کرنے کے لیے۔ سائیکل سے جہاں ماحولیات کو بچایا جا سکتا ہے وہاں اپنے سفر کے فیصلے بھی کم کیے جا سکتے ہیں۔ بہت سی شہری حکومتوں نے نے کچھ گلیاں خصوصی طور پر سائیکلوں کے لیے مختص کی ہوئی ہیں اس سے گاڑیوں اور شہریوں کے آپس میں تعلقات کو بہتر بنایا جاتا ہے

سیکورٹی کے معاملات ٹھیک طریقے سے چلانے کے لیے ہر شہری کی بلدیہ نے اپنا ایک ضابطہ بنایا ہوتا ہے جو کہ سائیکلوں پر لاگو ہوتا ہے۔ اس میں جن چیزوں کا بتایا جاتا ہے ان میں ڈرائیونگ کے دوران سائیکلوں والی جگہ کا احترام، شہریوں کے چلنے کی جگہ کا احترام، شہریوں کے گزرنے کے راستوں کا احترام، سائیکلوں کے کھڑے کرنے کی جگہ وغیرہ وغیرہ

**اچھے معاملات اور سڑک پر تحفظ**

**(Civisme i seguretat viària)**

سڑک پر دورانِ سفر خطرات کو کم کرنے کے لیے کچھ ضابطے ترتیب دیے گئے ہیں جن پر عمل کرنے سے ہم اپنی اور دوسروں کی سیکورٹی کو یقین بنا سکتے ہیں اور حادثات سے بھی بچ سکتے ہیں۔ان پر عمل کرنا سب کی ذمہ داری ہے۔

ڈرائیونگ کے دوران ٹیلیفون کے استعمال اور ہیڈفون اور اس طرح کے دیگر آلہ سماعت کے استعمال پابندی ہے

شراب یا کسی اور چیز کے نشہ کی حالت میں ڈرائیو کرنا بھی منع ہے

بے احتیاطی اور زیادہ رفتار سے ڈرائیو کرنا بھی منع ہے

گاڑی میں ان سکرینوں کا استعمال بھی منع ہے جو کہ بندہ کی توجہ ڈرائیونگ سے ہٹا لے مثال کے طور پر ٹیلی وژن، انٹرنیٹ، وڈیو یا اس طرح کی دیگر اشیاء۔صرف GPS کے استعمال کے لیے استثناء دی جاتی ہے۔

گاڑی میں ایندھن ڈلواتے وقت ریڈیو اور ٹیلیفون بند ہونے چاہئیں۔

کاروں اور موٹر سائیکلوں کے لیے موٹر وے اور ہائی وے پر زیادہ سے زیادہ اجازت شدہ رفتار 120 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے۔

اگر قریب سے کوئی سائیکل گزرے تو اپنی گاڑی کی رفتار کم کر دینی چاہیے اور اگر ضرورت پڑے تو گاڑی روک دیں۔

سفر کے دوران جب سڑک پر STOP کا نشان ملے یا راستہ دینے کا نشان ملے اس وقت گاڑی روکنا لازمی ہے بیشک اشارہ عمودی سمت میں ہو۔

گاڑی کے تمام مسافروں کے لیے سیکورٹی بیلٹ Cinturó کا استعمال لازمی ہے۔

12 سال سے کم اور 1.5 میٹر سے کم بچوں کے لیے خصوصی سیٹ کا استعمال لازمی ہے جو کہ ہر بچے کے سائز اور عمر پر منحصر ہے۔

جب ڈرائیور دورانِ سفر گاڑی سے نکلے اور سڑک پر یا فٹ پاتھ پر کھڑا ہو تو اس کے لیے بہت زیادہ چمکنے والی جیکٹ کا استعمال لازمی ہوتا ہے۔
موٹر وے اور ہائی وے پر عام شہریوں کا گزرنا بھی مکمل طور پر منع ہے۔

حادثات سے بچنا ہم سب کی ذمہ داری ہے کیونکہ اگر ہم ٹریفک کے ضابطوں پر عمل کریں تو ہم بہت سے حادثات اور اموات سے بچ سکتے ہیں۔